# جس نے عصر کی نماز چھوڑی اس کے اعمال برباد ہوگئے۔ حدیث کی شرح

**مجیب:** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3572

**تاریخ اجراء:** 19 شعبان المعظم 1446ھ / 18 فروری 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

ہر نماز کو چھوڑنے سے تمام اعمال برباد ہو جاتے ہیں یا صرف عصر کی نماز چھوڑنے سے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

صحیح بخاری وغیرہ کتب احادیث میں یہ روایت موجود ہے کہ ”جس نے عصر کی نماز چھوڑی اس کے اعمال برباد ہوگئے۔“ اعمال کی بربادی کفر کی وجہ سے ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ نماز سستی کی وجہ سے نہ پڑھنا کفر نہیں بلکہ گناہ عظیم ہے۔ مذکورہ حدیث اپنے ظاہری معنی پر نہیں بلکہ وعید شدید کے طور پر فرمایا گیا تاکہ لوگوں پر نماز عصر کی اہمیت و عظمت کا اظہار ہو۔

اب رہا یہ کہ مذکورہ وعید صرف عصر کے ساتھ خاص ہے یا تمام نمازوں کو شامل ہے، تو اس بارے میں دونوں اقوال موجود ہیں۔

حضرت ابو الملیح رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”من ترك صلاة العصر فقد حبط عمله“ ترجمہ: جس نے عصر کی نماز چھوڑی، اس کے اعمال برباد ہوگئے۔ (صحیح البخاری، ج 01، ص 115، رقم الحدیث 553، دار طوق النجاۃ)

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ”(حبط عملہ): ھو خارج مخرج الجر الشدید، و ظاھرہ غیر مراد“ ترجمہ: مذکورہ وعید تہدید شدید کے طور پر وارد ہوئی ہے اور اس کا ظاہر مراد نہیں۔ (التوشیح شرح الجامع الصحیح للسیوطی، ج 02، ص 602، مکتبۃ الرشد، الریاض)

علامہ بدر الدین عینی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں: "أن الجمهور تأولوا الحديث فافترقوا على فرق۔۔۔ وأقرب الوجوه في هذا ما قاله ابن بزيزة: إن هذا على وجه التغليظ، وإن ظاهره غير مراد" ترجمہ: جمہور نے مذکورہ حدیث کی تاویل کی اور متعدد اسلوب اپنائے، سب سے بہتر تاویل ابن بزیزہ کی ہے کہ یہ سختی کے طور پر وارد ہوئی ہے، اور اس کا ظاہر مراد نہیں ہے۔ (عمدة القاری، ج 5، ص 40، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

فیوض الباری میں ہے "حبط عمل کفر کی وجہ سے ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ صرف عصر کی نماز بوجہ سستی نہ پڑھنا کفر نہیں ہے بلکہ گناہ عظیم ہے تو حدیث میں حبط عمل محض وعید شدید کے طور پر فرمایا گیا تاکہ لوگوں پر نماز عصر کی اہمیت وعظمت کا اظہار ہو۔" (فیوض الباری، ج 02، ص 245، نشان منزل پبلی کیشنز)

مذکورہ وعید صرف عصر کے ساتھ خاص ہے، تمام نمازوں کو شامل نہیں، اس حوالے سے کوثر الجاری میں ہے: "فإن قلت: هل حكم سائر الصلوات حكم العصر أم لا؟ قلت: الظاهر أن هذا مخصوص بالعصر؛ لأنها الصلاة الوسطى، وإن شاركتها سائر الصلوات في مطلق الوعيد" ترجمہ: اگر تو کہے کہ تمام نمازوں کا حکم عصر کے حکم کی طرح ہے یا نہیں؟ تو میں کہتا ہوں کہ بظاہر یہ وعید صرف عصر کے ساتھ خاص ہے کیونکہ عصر، صلاۃ وسطی ہے، اگرچہ تمام نمازیں مطلق وعید میں عصر کے ساتھ شریک ہیں۔ (الکوثر الجاری الی ریاض احادیث البخاری، ج 02، ص 223، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

مذکورہ وعید تمام نمازوں کے لئے ہے، اس حوالے سے المسالک فی شرح مؤطا مالک میں ہے "وربما توهم أن قوله: من ترك صلاة العصر حبط عمله» مزية لها على غيرها، وهو وهم؛ لأن من ترك صلاة المغرب حبط عمله على الوجه الذي يحبط بترك صلاة العصر، وكذلك بترك سائر الصلوات" ترجمہ: بسا اوقات یہ وہم ڈالا جاتا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کا فرمان "جس نے عصر کی نماز چھوڑی، اس کے اعمال برباد ہوگئے" عصر کے ساتھ خاص ہے، دوسری نمازوں کے لئے نہیں، تو یہ صرف وہم ہی ہے کیونکہ جس نے مغرب کی نماز چھوڑی اس کے بھی اعمال یونہی برباد ہوں گے جیسے عصر کی نماز چھوڑنے سے ہوتے ہیں، یونہی تمام نمازیں چھوڑنے سے ہوں گے۔ (المسالك في شرح موطأ مالك، ج 03، ص 57، دَار الغَرب الإسلامي)

المفہم میں ہے: "قال الداودي: ليس ذلك خاصًّا بالعصر، بل ذلك حكم غيرها من الصلوات" ترجمہ: داودی نے کہا کہ یہ حکم عصر کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ یہ عصر کے علاوہ دوسری نمازوں کا بھی حکم ہے۔ (المفهم للقرطبی، ج 02، ص 252، دار ابن كثير، دمشق، بيروت)

ابن ملقن لکھتے ہیں:"ذلك مقول في سائر الصلوات، فلا مزية إذا. قد ورد من حديث عمر مرفوعا: من ترك صلاة متعمدا أحبط الله عمله، وبرئت منه ذمة الله تعالى حتى يراجع لله توبة"ترجمہ: یہ حکم دوسری نمازوں کے لیے بھی وارد ہے تو اس اعتبار سے اس معاملے میں عصر کی کوئی خاص فضیلت نہیں ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے مرفوعا مروی ہے کہ: جس نے کوئی نماز چھوڑی اللہ تعالیٰ نے اس کے عمل کو برباد کر دیا اور اس سے اللہ تعالیٰ کا ذمہ بری ہو گیا یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرے۔(التوضیح لشرح الجامع الصحیح، ج 06، ص 185-186، دار النوادر، دمشق)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net